© rasailojaraid.com

تک کرسکی اور نہ کوئی دوسرا شخص یا ادارہ! اس کے لیے مبارک باد!

باقی اُردو ڈائجسٹ کے مندرجات کی جو دلفریبیاں ہمیشہ ہوا ہی کرتی ہیں، وہ بدستور ہیں، اور اچھے اچھے لکھنے والے محفل آرا!

---

| | |
|---|---|
| **ہمقدم** سالانہ اجتماع نمبر | بہ اہتمام اسلامی جمعیت طلبہ پاکستان۔ مدیر:۔ ریاض محبوب۔ دفتر: ۱۔اے، ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور۔ قیمت فی شمارہ ۵/- روپیے |

سالانہ: ۵۰/- روپے

اسلامی انقلاب کے علمبردار نوجوانوں کا یہ جریدہ پہلے سے معروف ہے۔ حال ہی میں ان کا سالانہ اجتماع ہوا تھا۔ اس نمبر میں اجتماع کی روئیداد اور خاص خاص تقریریں شامل ہیں۔ برادرم خرم جاہ مراد کا تفصیلی انٹرویو بہت اہم ہے۔ تمام سابق ناظمین کا مختصر تذکرہ بھی اس میں شامل ہے۔ درس گاہوں میں تخریبی عناصر کا مسئلہ، طلبہ کے حقوق اور یونینوں کی بحالی کا مسئلہ، "ہسٹری آف پاکستان" جیسی زہر آلود نصابی کتاب (حکومت کی تیار کردہ) کا مسئلہ، "لانگ مارچ" کی کہانی، سندھی درس گاہوں کے ناخوشگوار احوال —— اور دوسرے مندرجات —— بڑی محنت سے لکھے گئے ہیں۔ کمال سالار صاحب کی نظم اور پروفیسر عنایت علی خاں کے قطعات خوب ہیں، مگر بعض ایسی کچی نظمیں دی گئی ہیں کہ جن کی کسی مناسب آدمی سے نظر ثانی بھی نہیں کرائی گئی۔

ٹائیٹل زوردار ہے۔

---

© rasailojaraid.com